یہ بھی قرآن کا معجزہ ہے کہ دنیا کے مختلف خطوں میں رہنے والے اور مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے مسلمان، جن کی مادری زبان چاہے کچھ بھی ہو، قرآن کے متن کو ناظرہ پڑھ لیتے ہیں، خواہ اس کے مفہوم سے آگاہی نہ ہو سکے کہ ایک ہی مضمون یا کتاب کو بار بار پڑھنا مشکل کام ہے۔ اس سے پڑھنے والا اکتا جاتا ہے لیکن قرآن کو بار بار، صد ہزار بار پڑھنے سے بھی اکتاہٹ نہیں ہوتی۔

بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آبادیوں تو عرصۂ دراز سے علوم اسلامیہ، علوم اقتصاد اور علوم قانون کی ترویج کے لیے کوشاں ہے لیکن اس کے شعبۂ دعوت کی ذمہ دار، دعوہ اکیڈمی وقتاً فوقتاً خصوصی طور پر مختلف النوع تربیتی پروگرام ترتیب دیتی ہے جن کے ذریعے اساتذہ، طلبہ، ائمہ، مدیران اور زندگی کے مختلف شعبوں سے متعلق ذمہ داران کے لیے ریفریشر کورس منعقد کیے جاتے ہیں۔ مزید برآں اکیڈمی نے مختلف زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم بھی تیار کرائے ہیں (یا ان پر کام جاری ہے)۔ طلبہ کی ضروریات کے پیش نظر نامور امریکی نومسلم تھامسس بیلنیٹن اروِنگ [الحاج تعلیم علی] صاحب نے (جنھوں نے قرآن کا ترجمہ امریکی انگریزی زبان میں کیا ہے) قرآن حکیم کی چیدہ چیدہ اسلامی تعلیمات کو عربی متن کے ساتھ انگریزی میں مرتب کیا، اس پر محمد مناظر احسن اور پروفیسر خورشید احمد نے نظرثانی کی اور اسے اسلامک فاؤنڈیشن لندن نے خوب صورت گردوپوش کے ساتھ شائع کیا۔

اس مجموعے میں مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کے مقدمہ تفہیم القرآن کے چند پیراگراف بھی شامل ہیں۔ بعدازاں قرآن، تصورِ خدا، آخرت، انبیا، عبادات، معاشرہ، معاشی زندگی، ریاست، قانون اور خارجہ پالیسی جیسے عنوانات پر قرآن کریم کی ہدایات درج کی گئی ہیں اور عربی متن کے فوری بعد انگریزی میں اس کا ترجمہ بھی دیا گیا ہے۔ اس لحاظ سے یہ ایک قابل قدر اور مفید مجموعہ ہے۔ اروِنگ صاحب کا ترجمہ معیاری ہے۔

دعوہ اکیڈمی نے مجموعے کا عکس لے کر اسے شائع کیا۔ ۱۹۹۶ میں اس کے دس ہزار نسخے طبع کیے گئے۔ زیرنظر پاکستانی طباعت زیادہ نفیس اور معیاری نہیں ہے۔ قرآنی کتابوں کی طباعت واشاعت اس کے شایانِ شان ہونی چاہیے۔ کئی صفحات کی عبارت مدھم ہے، کہیں لفظ اڑے ہوئے ہیں۔ (محمد ایوب منیر)

مجلہ آیات، مدیر: ڈاکٹر محمد ریاض کرمانی۔ سنٹر فار اسٹڈیز آن سائنس، الحمدہ، مزمل منزل، دودھ پور، علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱۔ صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۳۵ روپے۔

مرکز الدراسات العلمیہ کا یہ مجلہ سال میں تین مرتبہ شائع ہوتا ہے مگر زیرنظر شمارہ ۱۹۹۷ کے تین شماروں کو یک جا کر کے شائع کیا گیا ہے۔ یہ شمارہ جنوری تا دسمبر ۱۹۹۷ء کا ہے۔ ادارہ انگریزی میں ششماہی